مدیر تعلیم مولانا ثناء اللہ عبدالرحیم، رئیس مجلس عمل مولانا محمد حسین آزاد اور مدیر دعوۃ مولانا ابراہیم خان نے خطاب کیا۔

۞ 14 نومبر: کلیۃ البنین میں ایک پررونق، باوقار تقریب ختم بخاری منعقد ہوئی۔ درس صحیح بخاری ناظم اعلیٰ مولانا عبدالواحد صاحب نے دیا۔ اور نامور علماء نے امام بخاری کی شخصیت، سیرت، اور صحیح بخاری کی اہمیت، شروط بخاری وغیرہ موضوعات پر روشنی ڈالی۔ تمام 75 برانچ مدارس میں سے اہم مدرسین بلائے گئے تھے اور کثیر تعداد میں عوام نے بھی شرکت کی۔

۞ 25 نومبر: کلیۃ البنات میں سالانہ نتائج سنائے گئے۔ کل طالبات کی تعداد 419 تھی۔ کامیابی کی شرح 90% تھی۔ کلیہ بھر میں پوزیشن لینے والی طالبات درج ذیل ہیں:

اول: انیقہ تسنیم بنت عبدالوہاب خان، دوم: عالیہ بنت الشیخ محمد ابراہیم خان سوم: ناھیدہ بنت ابراہیم

جامعۃ الدراسات الإسلامیۃ للبنات میں نمایاں پوزیشنوں کا اعزاز ''السنۃ الأولی العالیۃ'' نے حاصل کیا۔

امسال تجوید القرآن اور حفظ متون حدیث جیسی نصابی سرگرمیوں کا آغاز ہوا۔ ان میں نمایاں پوزیشن لینے والوں اور حصہ لینے والی طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے، نیز سلیبس مکمل کرنے، کم سے کم چھٹی لینے اور تعلیمی امور میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرنے والی معلمات اور مدرسین کے لیے بھی حوصلہ افزائی کے طور پر قیمتی انعامات رکھے گئے تھے۔

۞ 28 نومبر: دار ارقم للانجال (ایتام) میں سالانہ نتائج کا اعلان کیا گیا۔ سب سے پہلے نائب مدیر محمد شریف بلغاری نے سالانہ اخراجات کا گوشوارہ پیش کیا۔ ادارہ ہذا کے دقیق وباریک انداز حساب کو سامعین داد تحسین دیے بغیر نہ رہ سکے۔ اور اسے انتظامیہ کی محنت، لگن اور فرائض وذمہ داریوں کی ادائیگی میں غیر معمولی احساس مسئولیت کا ثمرہ قرار دیا گیا۔ رزلٹ کے مطابق Prep سے 6th تک کے 32 طلباء نے دار ارقم للأنجال میں امتحان دیا۔ کامیابی کی شرح 93.75% رہی۔ دار بھر میں نمایاں پوزیشن لینے والے خوش نصیب طلباء یہ ہیں:

اول: شعیب عبدالرشید کلاس 6th، دوم: سلامت اللہ عبدالسلام کلاس: 3rd، سوم: نعمان حمید اللہ کلاس: 3rd

6th کلاس سے آگے کے طلباء ''الاثر پبلک سکول غواڑی'' میں پڑھتے اور وہیں امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

۞ 30 نومبر: کلیۃ الحدیث الشریف للبنین میں سالانہ جلسہ نتائج منعقد ہوا۔ خلاصہ نتائج یہ ہے:

کل تعداد	ممتاز	جید جداً	جید	مقبول	دور ثانی	فیل	غیر حاضر	کل پاس
362	49	70	65	6	7	12	13	330

کلیۃ الحدیث الشریف والدراسات للبنین میں نمایاں پوزیشن لینے والے خوش نصیب طلباء درج ذیل ہیں: